ناپاک چیز سے قرآن پاک کی آیت لکھنا جائز نہیں

مجیب: مولانا محمد نور المصطفیٰ عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3133

تاریخ اجراء: 26 ربیع الاوّل 1446ھ / 01 اکتوبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا حنفی علمائے کرام کے نزدیک نکسیر کے خون یا پیشاب کے ساتھ آیات قرآنیہ کے لکھنا جائز ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَ الصَّوَابِ

حنفی علمائے کرام کے نزدیک کسی ناپاک چیز مثلا خون اور پیشاب وغیرہ کے ساتھ آیات قرآنیہ لکھنا ناجائز و حرام ہے۔

علامہ شامی رحمہ اللہ اپنی کتاب "عقود اللآلی فی الاسانید العوالی" کے خاتمہ میں اپنے شیخ کے حوالے سے خون کے ساتھ کتابتِ قرآن کے ناجائز ہونے کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ”یکتب للرعاف علی جبھۃ المرعوف ﴿وَقِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ وَ یٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَ غِیۡضَ الۡمَآءُ وَ قُضِیَ الۡاَمۡرُ﴾ ولا یجوز کتابتھا بدم الرعاف کما یفعلہ بعض الجھال لأن الدم نجس فلا یجوز أن یکتب بہ کلام اللہ تعالی“ ترجمہ: نکسیر کو روکنے کے لئے مبتلا شخص کے ماتھے پر یہ آیت لکھی جاتی ہے: ﴿وَقِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ وَ یٰسَمَآءُ اَقۡلِعِیۡ وَ غِیۡضَ الۡمَآءُ وَ قُضِیَ الۡاَمۡرُ﴾، جب کہ نکسیر کے خون کے ساتھ یہ آیت لکھنا ناجائز ہے، جیسا کہ بعض جاہل لوگ ایسا کرتے ہیں، کیونکہ خون ناپاک ہے، تو اس کے ساتھ اللہ تعالی کا پاک کلام لکھنا جائز نہیں۔ (عقود اللآلی فی الاسانید العوالی، صفحہ 509، دار البشائر الاسلامیہ)

مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کے ناجائز ہونے کے بارے میں امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ”دفع صرع وغیرہ کے تعویذ کہ مرغ کے خون سے لکھتے ہیں یہ بھی ناجائز ہے۔ اس کے عوض مشک سے لکھیں۔“ (فتاوی رضویہ، جلد 24، صفحہ 196، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

در مختار میں ہے"وفي البحر: لا يجوز التداوي بالمحرم في ظاهر المذهب"ترجمہ: بحر الرائق میں ہے کہ مذہبِ حنفی ظاہر الروایہ میں حرام چیز سے علاج کرنا جائز نہیں۔(الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب النکاح، باب الرضاع، ج3، ص 211، دارالفکر، بیروت)

نوٹ: یہ مسئلہ مزید تفصیل کے ساتھ سمجھنے کے لئے فتاوی رضویہ جلد 23 صفحہ 340 تا 349 کا مطالعہ کر لیا جائے۔

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net